© rasailojaraid.com



مہنگی دوا بھی تجویز کر سکتا ہے۔

دراصل ان تمام معاملات کا انحصار ڈاکٹر کے ایمان و خلوص کے ساتھ ہے۔ اگر وہ صاحب ایمان ہے اور مریض کے لیے اخلاص رکھتا ہے تو بعض اوقات مہنگی اور بعض اوقات سستی قیمت کی دوا تجویز کرے گا جس کی بنیاد مریض کا مفاد ہو گا' نہ کہ دواساز کمپنی کا مفاد نہیں۔ اگر صرف دواساز کمپنی کے مفاد کے لیے کوئی دوا تجویز کی جائے گی تو یہ نہ صرف طبی اخلاقیات کی صریح خلاف ورزی ہوگی بلکہ جیسا کہ عرض کیا گیا شہادت زور' یعنی جھوٹی شہادت شمار ہوگی۔

بالعموم دواساز کمپنیاں اپنے تعارف یا اپنی دوا کے تعارف کے لیے بعض چیزیں بطور promotional کے دیتی ہیں' مثلاً بال پن' نسخہ لکھنے کے لیے لیٹر پیڈ' دیوار پر لٹکانے کے لیے صحت مند غذا وغیرہ کے حوالے سے چارٹ۔ اگر ان چیزوں کی بنا پر بھی کوئی صرف ایک کمپنی کی ادویات تجویز کرتا ہے تو یہ بھی ایک غیر اخلاقی حرکت شمار ہوگی۔ لیکن اگر قلم یا کاغذ کا استعمال کرنے کے باوجود ایک ڈاکٹر دوا تجویز کرتے وقت ان تحائف کو مدنظر نہیں رکھتا اور جو دوا وہ زیادہ مفید سمجھتا ہے تجویز کرتا ہے تو ان اشیا کے استعمال میں کوئی قباحت نظر نہیں آتی۔ ہاں' اگر بعض دواساز کمپنیاں اس نیت سے کسی ڈاکٹر کو بیرون ملک یا اندرون ملک سیر و تفریح کے لیے ہوائی جہاز کا ٹکٹ دیتی ہیں کہ اس احسان کے نتیجے میں وہ ڈاکٹر ان کی مہنگی ادویات مریض کو تجویز کرتا ہے تو یہ ایک غیر اسلامی اقدام ہوگا۔

اس سے ایک صورت استثنا معلوم ہوتی ہے اور وہ یہ کہ ہر تجارتی ادارے کے مستقبل کا تعلق تحقیق کے ساتھ ہوتا ہے۔ اگر کوئی دواساز کمپنی کسی مرض کا علاج دریافت کرنے کے لیے جس کا فائدہ عام انسانوں کو پہنچے گا' اپنے سالانہ بجٹ میں سے ۵ فی صد اس غرض سے رکھتی ہے کہ طبی تحقیقاتی کانفرنسوں' طب کے طلبہ کے وظائف یا ایسے طبی اداروں کی امداد کی جائے جو اس کے مرض پر تحقیق کر رہے ہوں تو چونکہ اس کا مقصد علمی اور سائنسی تحقیق کے نتیجے میں مصلحت عامہ یا عمومی انسانی فلاح و فائدہ ہے' لہٰذا اسے ناجائز نہیں کہا جا سکتا۔

اگر کسی ڈاکٹر کو انفرادی حیثیت میں کار' ریفریجریٹر' سفر کرنے کے لیے ٹکٹ یا کوئی اور favour اس لیے کی جائے کہ وہ ڈاکٹر صرف اُس کمپنی کی تیار کردہ ادویہ تجویز کرے تو یہ اسلامی

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



اصول عدل کی صریح خلاف ورزی بھی ہوگی۔

کسی دوا ساز کمپنی میں جو اپنی شہرت کے لیے اشتہارات طبع کرتی ہو' ڈاکٹروں کو promotional اشیا فراہم کرتی ہو' ملازمت کرنا محض اس کے اس فعل کی بنا پر حرام نہیں کہا جاسکتا۔ کیونکہ جو شخص وہاں ملازمت اختیار کرتا ہے وہ محض اپنی فنی خدمت کا معاوضہ لیتا ہے' اُس کا کوئی دخل کمپنی کی promotional پالیسی میں نہیں ہوتا۔ دوا ساز کمپنیوں کا ڈاکٹروں کے فیصلے پر اثرانداز ہونا ایک غیر اسلامی فعل ہے اور اس کی اصلاح کے لیے طبی اخلاقی ضابطے کی سختی سے پابندی کروانے کے لیے صارفین اور طبی اداروں کی طرف سے ان پر دباؤ ڈال کر اس غلط روایت کا خاتمہ کرنا چاہیے۔

اگر ایک کمپنی کے نمایندے کو یہ بات تحقیق سے معلوم ہو کہ دوا کے بارے میں کمپنی کے دعوے غلط اور سائنسی تحقیق کی بنا پر وہ نہیں ہیں جو وہ کرتی ہے تو ایسی ادویہ کی فروخت یا اس کے ساتھ تعاون ایک غلط کام میں تعاون ہے۔ اس کا اخلاقی فرض ہے کہ وہ خود کو ایسے کام سے بچائے جس میں جھوٹ' دھوکا دہی اور دیانت کے منافی کام کیا جا رہا ہو۔ برائی میں شرکت اور برائی کے کرنے میں کوئی فرق نہیں کیا جاسکتا۔ لیکن اگر علمی تحقیق سے ثابت ہو کہ جو دوا وہ فروخت کر رہا ہے وہ وہی صفات رکھتی ہے جس کا دعویٰ کیا گیا ہے تو یہ ایک بھلائی کا کام شمار ہوگا کیونکہ اس طرح اللہ تعالیٰ کی مخلوق کو مرض سے شفا ملتی ہے۔


جہاں تک متبادل روزگار ملنے تک کسی ایسے ادارے میں کام کرنے کا سوال ہے' قرآن وسنت نے صرف ضرورت کی حد تک' یعنی کم سے کم وقت میں پوری جدوجہد کے ساتھ متبادل روزگار ملنے تک' کسی ایسے کام کی اجازت دی ہے جو عام حالات میں مناسب نہ ہو' مثلاً بنک کی ملازمت جو ظاہری طور پر سودی کاروبار کا حصہ ہے لیکن اگر بنک سودی کاروبار نہ کر رہے ہوں اور اسلامی اصولوں پر کام کریں تو وہاں ملازمت کرنا جائز ہوگا۔ واللہ اعلم بالصواب (ڈاکٹر انیس احمد)

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

# علمی روایت اور تہذیبی اقدار

## WISH اسلام آباد میں خواتین کا اقامتی ادارہ



## Women's Institute of Science & Humanities

Affiliated with Riphah International University, Islamabad
Federally chartered, placed in "Category A" by the HEC

تہذیب کا قلعہ گھر اور اس کی محافظ عورت ہے جسے علمی و فکری تربیت فراہم کرنا ہی وِش کا نصب العین ہے۔

وِش میں بہترین اساتذہ، نصاب اور سہولتیں موجود ہیں، مقصود یہ ہے کہ عورت کی توقیر میں اضافہ ہو، وہ قومی تعمیر و ترقی میں شریک ہو اور دین و وطن سے محبت رکھے۔

WISH



www.wish.edu.pk

## Degree Programs

**BACHELOR'S**
- BS (CS)
- BAIS — BA Islamic Studies
- BS Ed — BS Education
- BBA
- BA/ B.Sc
- BA Ed

**MASTER'S**
- MBA
- MAIS — MA Islamic Studies
- MA Arabic
- MA English — Lang. & Lit.
- MS Ed
- MA Ed

- Hostel on Campus
- Transport
- Choicest Faculty
- Language Lab
- Gym
- Islamic Environment

Aug 24 *Apply by* Aug 25-26 *Test/Interview*

Sep 5 *Classes Start*

STREET # 5, FAIZ AHMED FAIZ ROAD, H-8/2, ISLAMABAD

info@wish.edu.pk Tel: 051-4432538/9

Future Visions

© rasailojaraid.com